﴿ خالی آسامیوں کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ﴾

ضلعی صدر یہ، مانسہرہ میں درج ذیل خالی آسامیوں کیلئے ضلع مانسہرہ، بلکہ اقلیت کوٹہ ضلع مانسہرہ میں نہ ملنے کی صورت میں ہزارہ ڈویژن کے مستقل سکونتی و رہائشی شہریوں سے مرد/خواتین اور تھرڈ جینڈر (خواجہ سراء) اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں تاہم ہزارہ ڈویژن سے اقلیت کوٹہ کے اہل امیدواروں درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔ جو کہ مورخہ 04-04-2023 کو بوقت 02:00 بجے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	کم از کم تعلیمی قابلیت	تفصیل کوٹہ	منظور شدہ آسامیاں	عمر کی حد	کل خالی آسامیاں / کوٹہ
1.	پراکس سرور BPS-5	میٹرک	خواتین 10% NIL (5 پہلے سے تعینات ہو چکی ہے) معذور 2% NIL (1 پہلے سے تعینات ہو چکی ہے) اقلیت 5% (2 جگہ ہیں)	54	18 تا 30 سال 01-01-2023	اوپن میرٹ 03 اقلیت 02 کل 05
2.	نائب قاصد BPS-3	ترجیحاً پڑھا لکھا	کل آسامیاں 40 (نائب قاصد سویپر، چوکیدار) خواتین 10% NIL (2 نائب قاصد کی تعیناتی ہو چکی ہے) معذور 2% NIL اقلیت 5% 02 جگہ ہیں۔ کھلاڑی 25% (4 تعیناتی ہو چکی ہے 6 جگہ ہیں)	23	18 تا 40 سال درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک	06 کھلاڑی برائے (25% کوٹہ برائے ریٹائرڈ ملازمین) اقلیت 01 کل 07
3.	چوکیدار BPS-3	ترجیحاً پڑھا لکھا		09	25 تا 40 سال درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک	اقلیت 01 کل 01

شرائط وضوابط:

نوٹ:۔ سیریل نمبر 2 میں 06 پوسٹیں ریٹائرڈ کلاس فور ملازمین کے لیے ہیں۔ جن کی درخواستیں پہلے سے ہی موصول ہو چکی ہیں۔ نائب قاصد میں اقلیت کوٹہ کے علاوہ کوئی بھی درخواست موصول نہیں کی جائے گی۔

☆ درخواست فارم دفتر ہذا سے وصول کیا جاسکتا ہے یا ضلعی صدر یہ، مانسہرہ کی ویب سائیٹ www.dscmansehra.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے تاکہ ہر درخواست ایک ہی طرز پر لکھی اور دی جائے تاہم امیدوران اپنے طور پر بھی مجوزہ فارم خود تیار کر کے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ مجوزہ فارم کے علاوہ درخواست پر عمل نہیں ہوگا نیز درخواست سے ہمراہ دو معزز اشخاص جو کہ رشتہ دار نہ ہوں سے چال چلن کا سرٹیفکیٹ بھی الف ہونا لازمی ہے۔ ہر درخواست دہندہ اپنی درخواست پر رابطہ نمبر لازمی لکھے گا/گی۔

☆ درخواست کے ساتھ متعلقہ سرٹیفکیٹس / تعلیمی اسناد بمعہ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول الف ہوں نیز ہمراہ کر یکٹر سرٹیفکیٹ آخری تعلیمی ادارہ سے جاری شدہ الف کرنا لازمی ہے جبکہ اصل سرٹیفکیٹ وغیرہ وقت ٹیسٹ / انٹرویو ساتھ لانا لازمی ہوگے۔ بصورت دیگر ٹیسٹ / انٹرویو میں شامل ہونے کے اہل نہیں ہوگے / ہونگیں۔

☆ امیدواروں کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے کسی دیگر جگہ کا انتخاب کرنا اگر مناسب سمجھا گیا تو اس سلسلہ میں امیدواروں کو بذریعہ نوٹس (جو عدالت ہذا کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دیا جائے گا) مطلع کر دیا جائے گا اور عدالت ہذا کی ویب سائیٹ اور فیس بک کے ذریعہ بھی آگاہ کر دیا جائے گا۔

☆ سیریل نمبر 01 کے لیے تحریری امتحان لازمی ہے جبکہ سکریننگ ٹیسٹ امیدواروں کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے لیا جاسکتا ہے۔ سیریل نمبر 2 اور 3 کے لیے صرف انٹرویو لیا جائے گا البتہ امیدواروں کی تعداد کے پیش نظر انکا سکریننگ ٹیسٹ بھی لیا جاسکتا ہے۔

☆ خواتین کا کوٹہ ہر ایک پوسٹ کی کیٹگری کی بنیاد پر نکالا جاتا ہے جبکہ اقلیت اور معذور افراد کا کوٹہ چوکیدار، نائب قاصد اور سویپر کی منظور شدہ آسامیوں کے مجموعہ کی بنیاد پر نکالا جائے گا۔

☆ کوٹہ کیلئے مختص نشستیں خالی رہ جانے کی صورت میں دوبارہ مشتہر کی جائیں گی لیکن کسی دوسرے کوٹہ میں نہیں دی جائیں گیں۔

☆ ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے امیدواران کی تاریخ کا اعلان بعد میں نوٹس بورڈ پر چسپاں کیا جائے گا اور عدالت ہذا کی ویب سائیٹ کے ذریعے بھی اطلاع دی جائے گی۔

☆ سرکاری ملازمین اپنے محکمے کی وساطت سے درخواست ارسال کریں اور اپنے Lien کے حق کی وضاحت بھی محکمانہ مجاز اتھارٹی سے کروائیں۔

☆ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر کوئی غور اور عمل نہیں کیا جائے گا۔

☆ ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

☆ سیریل نمبر 2 اور 3 کیلئے Un-Employment Certificate الف کرنا لازمی ہے جو کہ دفتر District Employment Exchange مانسہرہ سے جاری شدہ ہو۔ مذکورہ دفتر میں اندراج میں مشکلات کی صورت میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

☆ جو شادی شدہ خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں نہ ہیں اور انکے خاوند ضلع مانسہرہ کے ڈومیسائل ہولڈر ہیں وہ بھی درخواست دینے کی مجاز ہیں۔ البتہ جو خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں ہیں اور ضلع مانسہرہ کی ڈومیسائل ہولڈر نہ ہیں وہ محض خاوند کے مانسہرہ کے ڈومیسائل کی بنیاد پر اہل نہ ہیں۔ البتہ اقلیت کوٹہ کی خواتین ضلع مانسہرہ میں نہ ملنے کی صورت میں ہزارہ ڈویژن جو شادی شدہ خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں نہ ہیں اور انکے خاوند ہزارہ ڈویژن کے ڈومیسائل ہولڈر ہیں وہ بھی درخواست دینے کی مجاز ہیں۔ البتہ جو خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں ہیں اور ہزارہ ڈویژن کی ڈومیسائل ہولڈر نہ ہیں وہ محض خاوند کے ہزارہ ڈویژن کے ڈومیسائل کی بنیاد پر اہل نہ ہیں۔

☆ عمر کی بالائی حد میں رعایت صوبائی حکومت کے مروجہ قواعد 2008 کی روشنی میں دی جائے گی۔ سیریل نمبر 01 تا 3 کی آسامی پانے کے لیے تمام امیدواران کو بھرتی کے عمل میں شرکت کا موقع دیا جائے گا اور کارکردگی کی بنیاد پر بھرتی کمیٹی (DSC) کی سفارشات کی روشنی میں رعایت کا تعین کیا جائے گا۔

☆ متعلقہ شعبہ میں تجربہ کے حامل افراد مصدقہ دستاویزی ثبوت (سرٹیفکیٹ وغیرہ) الف کریں۔ مذکورہ تجربہ سرکاری و نیم سرکاری ادارے / محکمے کا شمار کیا جائے گا تاہم نجی شہرت اور ساکھ رکھنے والے پرائیویٹ ادارے / محکمے کا تجربہ بھی شمار کیا جاسکتا ہے۔

☆ دیدہ و دانستہ غلط بیانی اور جعل سازی کی صورت میں متعلقہ امیدوار کی درخواست خارج کرنے کے علاوہ فوجداری و تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ درخواست بمعہ مصدقہ دستاویزات دفتر ہذا میں اصالتاً یا بذریعہ مجاز نمائندہ (جس کو باضابطہ اختیار دیا گیا ہو) جمع کروائی جاسکتی ہے۔

☆ درخواست بذریعہ ڈاک بھی ارسال کی جاسکتی ہے تاہم بذریعہ ڈاک کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو مسترد کیا جاسکتا ہے۔

☆ مجاز اتھارٹی پالیسی کے مطابق اشتہار میں تبدیلی / ترمیم یا اسے منسوخ کرنے، آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

(مظہر حسین)
سینئر سول جج ایڈمن مانسہرہ

Scanned By Camera Scanner